# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد

نمبر: 1386۔جی۔آر　　　　　　　　　　　　مورخہ: 17-11-2022

## سرکلر

جناب پرنسپل

الحاق شدہ جملہ کالجز، ہائیر سیکنڈری سکولز،

فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ اضلاع

**عنوان:۔ فرسٹ ائیر سالانہ امتحان 2022 میں پاس/33% سے کم نمبر حاصل کرنے والے اور غیر حاضر طلبہ کی ری ایڈمشن کی تاریخ اور رجسٹریشن آن لائن کٹ لسٹ کی مصدقہ ہارڈ کاپی بورڈ ہذا میں دستی جمع کروانے کا شیڈول۔**

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ!

مطلع کیا جاتا ہے کہ فرسٹ ائیر میں ری ایڈمشن کے لیے درج ذیل شیڈول منظور کیا گیا ہے۔

| نمبر شمار | فرسٹ ائیر میں ری ایڈمشن طلبہ کا داخلہ Online رجسٹریشن اور بنک میں فیس جمع کرانے کی آخری تاریخ | اداروں میں داخلہ، آن لائن رجسٹریشن کی ڈیٹا انٹری کرنے، بنک میں فیس جمع کروا کے کمپیوٹرائزڈ اصل بنک چالان اور مصدقہ آن لائن رجسٹریشن ریٹرن، ریونیولسٹ، فارورڈنگ لیٹر کی ہارڈ کاپی بورڈ میں جمع کروانے کی حتمی تاریخ |
|---|---|---|
| 1 | 17-11-2022 تا 19-12-2022 | 19-12-2022 |
| 2 | رجسٹریشن فیس | 1000 روپے فی طالب علم |
| 3 | پراسیسنگ فیس | 395 روپے فی طالب علم |
| 4 | سپورٹس فیس | 100 روپے فی طالبعلم |

### وضاحتی نوٹ

1۔ مطلع کیا جاتا ہے کہ امسال سالانہ امتحان 2022 میں فرسٹ ائیر میں پاس/ 33% سے کم نمبر حاصل کرنے والے اور غیر حاضر رہنے والے اور صرف رجسٹرڈ ہونیوالے طلبہ فیصل آباد بورڈ کی حدود میں واقع کسی بھی الحاق شدہ ادارہ میں اپنی مرضی سے پچھلا نتیجہ چھوڑ کر اپنے ہی گروپ رکمبی نیشن یا تبدیل کر کے اپنے پہلے سے الاٹ شدہ رجسٹریشن نمبر کے تحت ری ایڈمٹ ہو سکتے ہیں نیز پاس امیدواران جو اپنے حاصل کردہ نمبروں سے غیر مطمئن ہونے کے باعث جماعت فرسٹ ائیر میں دوبارہ (Re-Admission) ہونے کے خواہش مند ہیں وہ اپنے نتیجہ کی منسوخی کی بابت بیان حلفی اور درخواست (نمونہ بیان حلفی بورڈ کی ویب سائٹ پر موجود ہے) اپنے متعلقہ ادارہ میں ہی جمع کروائیں گے اور ادارہ پاس امیدواران کا بیان حلفی اور درخواست، ری ایڈمشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی کے ساتھ رجسٹریشن برانچ میں جمع کروانے کا پابند ہوگا بصورت دیگر سربراہ ادارہ ذمہ دار ہوگا۔

2۔ ایسے امیدواران جو بورڈ سے قبل ازیں رجسٹرڈ ہوئے ہوں لیکن فرسٹ ائیر میں شامل امتحان نہ ہوئے ہوں وہ بھی ری ایڈمٹ کے اہل ہوں گے تاہم جو امیدواران فرسٹ ائیر امتحان سالانہ 2021 یا اس سے قبل شامل امتحان ہو چکے ہیں وہ ری ایڈمشن کیلئے نا اہل ہیں ری ایڈمشن کی سہولت ایک ہی مرتبہ حاصل کی جا سکتی ہے۔

3۔ آن لائن کٹ لسٹ کی ہارڈ کاپی بمعہ اصل کمپیوٹرائزڈ بینک چالان دفتر کی رجسٹریشن برانچ میں دستی وصول کروا کر رسید حاصل کریں۔ مقررہ شیڈول کے مطابق کٹ لسٹ کی کاپی وصول نہ کروانے کی صورت میں مبلغ -/500 روپے یومیہ لیٹ فیس لاگو ہوگی۔

ڈاکٹر عبدالرحیم بابر ڈوگر

ڈپٹی سیکرٹری (جنرل)

**کاپی برائے اطلاع:**

1۔ چیف ایگزیکٹو آفیسرز (ایجوکیشن) فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ اضلاع۔

2۔ فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ اضلاع کے جملہ کالجز ہائیر سیکنڈری سکولز کے سربراہان ادارہ۔

3۔ ڈائریکٹر کالجز فیصل آباد ڈویژن، فیصل آباد

4۔ داخلی تقسیم

Result.pk